## انقلاب راتوں رات نہیں آیا کرتا بلکہ اس کیلئے برسوں جدوجہد کرنا پڑتی ہے۔الطاف حسین

## جوانقلاب راتوں رات آیا کرتے ہیں وہ راتوں رات چلے بھی جایا کرتے ہیں

## ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جوواقعتاً موروثی اورخاندانی سیاسی کلچر کے خلاف ہے

## جانوں کی قربانیاں دینے والوں میں الطاف حسین کے خاندان کے افراد شامل ہیں لیکن اسمبلیوں میں پہنچنے والوں میں الطاف حسین یا اسکے خاندان کے افراد شامل نہیں۔

## پنجاب کے صحافیوں اوردانشوروں سے ٹیلیفون پر بات چیت عوام میں شعوری بیداری کیلئے مخلصانہ کوششیں کرنے والے پنجاب کے صحافیوں اوردانشوروں کوالطاف حسین کا خراج تحسین

لندن۔۔۔20،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ کسی بھی خطے میں انقلاب راتوں رات نہیں آیا کرتا بلکہ اس کیلئے برسوں جدوجہد کرنا پڑتی ہے۔ جوانقلاب راتوں رات آیا کرتے ہیں وہ راتوں رات چلے بھی جایا کرتے ہیں۔انہوں نے یہ بات آج پنجاب کے کئی صحافیوں اوردانشوروں سے ٹیلیفون پر ہونے والی بات چیت کے دوسرے دور میں کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جوواقعتاً موروثی اورخاندانی سیاسی کلچر کے خلاف ہے۔ایم کیوایم الطاف حسین کے خاندان کی جماعت نہیں بلکہ عوام کی جماعت ہے جس کی جدوجہد میں جانوں کی قربانیاں دینے والوں میں الطاف حسین کے خاندان کے افراد شامل ہیں لیکن اسمبلیوں میں پہنچنے والوں میں الطاف حسین یا اسکے خاندان کے افراد شامل نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان میں ایسا عوامی انقلاب برپا کرنا چاہتی ہے جس میں چند خاندانوں کی حکمرانی کے بجائے محروم ومظلوم عوام کورنگ ونسل،زبان،فقہ،مسلک اور مذہب کے امتیاز کے بغیر مساوی حقوق حاصل ہوں۔انہوں نے عوام میں شعوری بیداری کے سلسلے میں پنجاب کے صحافیوں اوردانشوروں کی خدمات کوسراہا اورکہا کہ ملک میں انصاف کے نظام کیلئے ملک بھر کے اہل قلم حضرات کوبھی عوامی انقلاب کیلئے اپنا اپنا کردارادا کرنا ہوگا۔اس موقع پر صحافیوں اور دانشوروں نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ حق پرستی کی اس جدوجہد میں ہرقسم کی قربانیاں دینے کیلئے کل بھی تیار تھے اورآئندہ بھی رہیں گے۔

## علامہ اقبالؒ عالمگیرسوچ رکھنے والے شاعراورمفکر ہیں،الطاف حسین

## علامہ اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعہ دنیا بھر کے غریبوں کوفرسودہ جاگیرداروں کے چنگل سے نجات حاصل کرنے کا درس دیا

## جب تک ملک بھر سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوجاتا ایم کیوایم کی جدوجہد جاری رہے گی

## شاعرمشرق حضرت علامہ اقبالؒ کے 72ویں یوم وفات پر بیان

لندن۔۔۔20،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے شاعرمشرق حضرت علامہ اقبالؒ کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم حضرت علامہ اقبالؒ کے فکروفلسفہ کے مطابق ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں شعوری بیداری کی جدوجہد کررہی ہے۔شاعرمشرق حضرت علامہ اقبالؒ کے 72ویں یوم وفات پر ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ علامہ اقبالؒ عالمگیرسوچ رکھنے والے شاعراورمفکر ہیں جنہوں نے اپنی شاعری کے ذریعہ دنیا بھر کے غریبوں کوفرسودہ جاگیرداروں کے چنگل سے نجات حاصل کرنے کا درس دیا۔علامہ اقبال کا یہ شعران کے اسی فکروفلسفہ کواجاگرکرتا ہے کہ

اٹھومیری دنیا کے غریبوں کو جگادو

کاخِ امراء کے درودیوار ہلادو

جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم حضرت علامہ اقبالؒ کے فکروفلسفہ کے مطابق ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ میں شعوری بیداری،فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اورغریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کے لئے جدوجہد کررہی ہے اور جب تک ملک بھر سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوجاتا اورملک بھر کے عوام کوحکمرانی کا حق نہیں مل جاتا ایم کیوایم کی جدوجہد جاری رہے گی۔

## وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک کا ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ

## الطاف حسین نے 18ویں ترمیم کی منظوری پر صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور آئینی اصلاحاتی کمیٹی کے تمام ارکان کو دلی مبارکباد پیش کی

## جمہوریت پسند قوتیں لوڈشیڈنگ، مہنگائی اور بے روزگاری کے خاتمہ اور دیگر عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کریں گی

لندن۔۔۔20، اپریل 2010ء

وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک نے آج متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، 18 ویں ترمیم اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ جناب الطاف حسین نے 18 ویں ترمیم کی منظوری پر صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور آئینی اصلاحاتی کمیٹی کے تمام ارکان کو دلی مبارکباد پیش کی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان گفتگو میں طے پایا کہ تمام جمہوریت پسند قوتیں لوڈشیڈنگ، مہنگائی اور بے روزگاری کے خاتمہ اور دیگر عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کریں گی۔

## تحریک صوبہ ہزارہ کے اعلیٰ سطحی وفد کی خورشید بیگم ہال میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## وفد کا ہزارہ کے عوام پر مظالم کے خلاف قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی جانب سے آواز بلند کرنے پر اظہار تشکر

## ہزارہ ڈویژن کے عوام کے جمہوری حقوق کیلئے ہر سطح پر حمایت اور تعاون کریں گے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔20اپریل 2010

سابق رکن قومی اسمبلی و سابق ضلع ناظم مانسہرہ اور تحریک صوبہ ہزارہ کے مرکزی رہنماء سردار محمد یوسف کی سربراہی میں تحریک صوبہ ہزارہ کے وفد کے ارکان نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، ڈاکٹر صغیر احمد اور توصیف خانزادہ سے ملاقات کی اور صوبہ سرحد کا نام خیبر پختونخواہ رکھنے پر ہزارہ ڈویژن کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی سے آگاہ کیا۔ وفد میں مسلم لیگ (ق) کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری (سندھ) سردار محمد اقبال، عالم زیب خان، منصف جان، نعیم اشرف درانی، محمد نذیر، نظر شاہ بشیر الدین، محمد فاروق، محمد عارف اور قاضی اسماعیل سمیت دیگر شامل تھے۔ ملاقات ایک گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں ملک خصوصاً ہزارہ ڈویژن کی سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ کیا گیا۔ اس موقع پر متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے جوائنٹ انچارج شکیل عباس اور رکن مرکزی کمیٹی فیض الرحمان اکازئی بھی موجود تھے۔ سردار محمد یوسف نے قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی جانب سے صوبہ ہزارہ کی حمایت اور ہزارہ ڈویژن میں ریاستی طاقت کے استعمال پر آواز احتجاج بلند کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ ہزارہ ڈویژن کے عوام کے جمہوری حقوق کیلئے ہر سطح پر حمایت آواز بلند کرتے رہیں گے، ہزارہ ڈویژن کے عوام کی آواز کو ریاستی طاقت سے دبانا کسی بھی طور جمہوری عمل نہیں جس کی متحدہ قومی موومنٹ پرزور مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے ہزارہ ڈویژن کے عوام سے مکمل اظہار یکجہتی و ہمدردی کرتے ہوئے احتجاج مظاہروں میں شہید ہونیوالے افراد کی مغفرت اور ان کے بلند درجات اور سوگواران صبر جمیل کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ہزارہ ڈویژن کے عوام جو کہ صوبے کے ایک تائی سے زیادہ ہیں ان کے خلاف ریاستی طاقت کا استعمال کرنے کے بجائے معاملے کو افہام و تفہیم سے حل کیا جائے اور تمام سیاسی جماعتوں کی گول میز کانفرنس بلائی جائے تا کہ مسئلہ پائیدار حل تلاش کیا جاسکے۔

## اتوار 25 اپریل کو پنجاب میں ہونیوالے کنونشن کے سلسلے میں زیادہ سے زیادہ عطیات دیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی عوام خصوصاً مخیرّ حضرات سے پرزور اپیل

## ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو وڈیروں یا جاگیرداروں کی نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے

## غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے جدوجہد عوام کی شرکت اور تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہوسکتی

کراچی۔۔۔۔ 20 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے عوام خصوصاً مخیرّ حضرات سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ اتوار 25 اپریل کو پنجاب میں ہونیوالے کنونشن کے سلسلے میں زیادہ سے زیادہ عطیات دیں۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ کی واحد نمائندہ جماعت ہے جو اپنے تمام تنظیمی اخراجات عوام کے عطیات سے ہی پورے کرتی ہے۔ایم کیوایم ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور یہ جدوجہد عوام کی شرکت اور تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہوسکتی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم اتوار 25 اپریل کو پنجاب میں کنونشن منعقد کررہی ہے جس کیلئے ایم کیوایم کو عوام کے عطیات کی اشد ضرورت ہے۔رابطہ کمیٹی نے عوام خصوصاً مخیرّ حضرات سے اپیل کی کہ وہ ملک میں مڈل کلاس کی حکمرانی اور محروم کے حقوق کیلئے پنجاب کنونشن کے انعقاد کیلئے زیادہ سے زیادہ عطیات دیں۔یہ عطیات کنونشن فنڈ کے اکاؤنٹ نمبر 1000863 ،مسلم کمرشل بینک کوڈ نمبر 0073 میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔عطیات جمع کرانے کیلئے کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## ایم کیوایم ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے،سیف یار خان،اقبال قادری،رضا حیدر

## ننکانہ میں سانگلہ ہل اور صفدر آباد ضلع شیخوپورہ میں منعقدہ عوامی اجتماعات اور کارنر میٹنگوں سے خطاب

## لاہور کی مصروف شاہراہوں،چوراہوں اور بازاروں میں ایم کیوایم کے رہنماؤں نے پنجاب کنونشن کے دعوتی ہینڈ بلز کی تقسیم

لاہور۔۔۔20،اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25،اپریل بروز اتوار الحمراء آرٹس کونسل مال روڈ لاہور میں ہونے والے پنجاب کنونشن کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کی سرگرمیاں اور تشہیری مہم جاری ہے۔اس سلسلے میں پیر کے روز بھی ایم کیوایم کے کارکنوں نے لاہور شہر کی مختلف شاہراہوں، چورنگیوں، بازاروں اور دیگر عوامی مصروفیت کے حامل مقامات پر ہزاروں کی تعداد میں ہینڈ بلز اور پمفلٹس تقسیم کرنے کے علاوہ ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قد آور تصویریں اور خیر مقدمی بینرز بھی آویزاں کئے جبکہ لاہور شہر اور اس کے قرب وجوار کے چھوٹے بڑے شہروں، گاؤں اور ضلعوں میں کارنر میٹنگیں منعقد کی گئیں جس سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال قادری، حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر اور ایم کیوایم لاہور زون کے ذمہ داران، عہدیداران نے خطاب کیا۔سیف یار خان اور رضا حیدر نے لاہور کی مختلف شاہراہوں اور سگنلز پر عوام میں کنونشن کے انعقاد کے حوالے سے ہینڈ بلز تقسیم کئے اور عوام سے بلمشافہ گفتگو کرتے ہوئے انہیں کنونشن میں شرکت کی دعوت دی۔ننکانہ میں سانگلہ ہل اور صفدر آباد ضلع شیخوپورہ میں اقبال قادری جبکہ راوی ٹاؤن لاہور میں رضا حیدر اور ایم کیوایم لاہور زون کے ڈسٹرکٹ انچارج شاہین گیلانی نے مختلف کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کررہی ہے او ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ 25،اپریل کو لاہور میں ہونے والا کنونشن نہ صرف نئی تاریخ رقم کریگا بلکہ یہ کنونشن متحدہ قومی موومنٹ اور پنجاب کے عوام کے درمیان بڑھتی ہوئی قربت کو بھی آشکار کردے گا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف ماضی میں کئے گئے تمام پروپیگنڈوں کے اثر سے اب پنجاب کے عوام نکل چکے ہیں اور وہ اس حقیقت کو جان چکے ہیں کہ پنجاب میں ایم کیوایم کو بدنام کرنے کی اصل وجہ ایم کیوایم کا راستہ پنجاب میں روکنا تھا تاکہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد میں شامل نہ ہوسکیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 25،اپریل کو لاہور میں ہونے والے پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کریں۔

## ڈی سی او لاہور نے پنجاب کنونشن کیلئے پورے لاہور میں خیر مقدمی ودعوتی بینرز اور ایک مرکزی استقبالیہ کیمپ لگانے کی تحریری اجازت دیدی
## حق پرست ارکان قومی اسمبلی سفیان یوسف، رشید گوڈیل، اقبال قادری کی ملاقات

لاہور۔۔۔20، اپریل 2010ء

ڈی سی او لاہور محمد سجاد بھٹہ سے متحدہ قومی موومنٹ کو 25 اپریل کو ہونے والے پنجاب کنونشن کے حوالے سے شہر بھر میں خیر مقدمی ودعوتی بینرز اور ایک مرکزی استقبالیہ کیمپ لگانے کی باقاعدہ تحریری اجازت دیدی ہے۔اس سلسلے میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی سفیان یوسف، رشید گوڈیل اور اقبال قادری ایڈووکیٹ نے پنجاب کنونشن کے انتظامات اور دیگر ضروری امور کے حوالے سے ڈی سی او لاہور سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔اس موقع پر ان کے ہمراہ سندھ کے سابق وزیر بلدیات محمد حسین، ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عبدالخالق بلوچ بھی موجود تھے۔اس ملاقات میں پنجاب کنونشن کے انعقاد کے موقع پر سیکورٹی اور ٹریفک کی روانی اور دیگر انتظامات کے حوالے سے تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ڈی سی او لاہور محمد سجاد بھٹہ نے ایم کیوایم کے رہنماؤں کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے رہنماؤں نے محمد سجاد بھٹہ کا شکریہ ادا کیا اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے یقین دہانی کرائی کہ کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں ایم کیوایم مقامی انتظامیہ اور پنجاب حکومت سے بھرپور تعاون کریگی۔

## واپڈا کی جانب سے کراچی کو بجلی کی فراہمی کے کوٹہ میں کمی کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## کراچی ملک کی شہ رگ ہے جو قومی خزانے میں ستر فیصد سے زائد ریونیو جمع کرتا ہے، اس شہر کی بجلی کٹوتی کراچی دشمنی ہے

کراچی۔۔۔20 اپریل 2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں بجلی سنگین بحران اور طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کے باوجود واپڈا کی جانب سے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کو بجلی کی فراہمی کے کوٹہ میں کم کرنے کے اقدام کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس اقدام کو کھلی کراچی دشمنی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ واپڈا نے کراچی کو بجلی کی فراہمی کے کوٹہ میں کمی سے کراچی میں صنعتی، تجارتی اور معاشی سرگرمیاں ختم ہو کر رہ جائیں گی جبکہ بجلی کی لوڈشیڈنگ میں مزید کئی گناہ اضافہ ہوجائیگا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ واپڈا کی جانب سے ملنے والی 600 سے 650 میگاواٹ بجلی کراچی کا نہ صرف آئینی حق ہے بلکہ اس کی معیشت کی بھی اشد ضرورت ہے۔کراچی ملک کا معاشی حب ہے جو قومی خزانے میں 70 فیصد سے زائد ریونیو جمع کرتا ہے اس شہر کے ساتھ ایسا سلوک کھلی کراچی دشمنی کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صوبہ پنجاب سمیت ملک کے دیگر شہروں میں بجلی کے سنگین بحران کے باعث شہریوں کو ہونے والی تکالف اور پریشانیوں پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا اور زور دیا کہ وہ بجلی بحران پر قابو پانے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیئے جائیں اور شہریوں کو لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی ملک کے معاشی نظام کی شہ رگ ہے جو ٹیکس کی مد قومی خزانے میں سب زیادہ حصہ جمع کراتا ہے، پچھلے کچھ عرصے سے کراچی کو ملنے والی گیس کی مقدار حدرجہ کم کرکے ملک شمالی حصوں میں تقسیم کردی گئی ہے 370MMCFD سے گھٹ کر یہ مقدار صرف 175 رہ گئی ہے اس گیس میں مزید کمی کا مطلب بجلی کے نرخوں شدید اضافہ ہوگا۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سمیت اعلیٰ احکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک میں بجلی کے سنگین بحران پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیئے جائیں واپڈا کی جانب سے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کو بجلی کی فراہمی کے کوٹہ میں کمی کا فی الفور سختی سے نوٹس لیتے ہوئے کراچی کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوبند کرنے کیلئے معشیت پر قدغن لگانے کا عمل روکا جائے۔

## اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان نے راولپنڈی میں اقلیتی آبادیوں کا دورہ کرکے عوام کو کنونشن میں شرکت کی دعوت دی

اسلام آباد۔۔۔20/اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اقلیتی ونگ کے مرکزی جوائنٹ انچارج جاوید انجم، مرکزی اقلیتی ونگ کے رکن وحق پرست رکن قومی اسمبلی منوہر لال اور اپر پنجاب زون کی رکن نگہت سٹیفن نے راولپنڈی میں مختلف اقلیتی آبادیوں کا دورہ کیا اور اقلیتی برادریوں کے معززین اور عوام سے ملاقات کرکے انہیں 25 اپریل کو راولپنڈی میں ایم کیوایم کے ورکرز کنونشن میں شرکت کی دعوت دی۔منگل کو ایم کیوایم کے اقلیتی ونگ نے پنڈوراچونگی، ڈھوک کالا خان، ڈھوک کشمیریاں، بھٹہ نیک عالم، گلزار قائد اور یاسمین ٹاؤن کے علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں اقلیتی برادری کے عمائدین، راہنماؤں اور علاقہ کے عوام سے ملاقاتیں کیں۔اقلیتی برادری نے اپنے مسائل اور مشکلات کے حوالہ سے آگاہ کیا۔ایم کیوایم اقلیتی ونگ کے ذمہ داران نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی روشنی میں پاکستان کے تمام شہریوں کو ان کی مذہبی وابستگی سے قطع نظر یکساں شہری تصور کرتے ہیں اور وہ

ریاست کے ایک مساوی شہری کی حیثیت سے برابری کی بنیاد پر حقوق کے حامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی طرح صوبہ پنجاب میں اقلیتی برادری بھر پور انداز میں ایم کیو ایم میں شامل ہو رہی ہے اور راولپنڈی کی اقلیتی برادری بھی پاکستان کو حقیقی معنوں میں عوام کا پاکستان بنانے کے لئے ایم کیو ایم کی جدوجہد میں اپنا منفرد کردار ادا کرے گی۔

## راولپنڈی میں ایم کیو ایم کے کنونشن کی تیاری، رابطہ کمیٹی، تنظیمی ونگ اور حق پرست نمائندوں کی جانب سے کارنر میٹنگز کا انعقاد

اسلام آباد۔۔۔20/اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ اپر پنجاب کے زیر اہتمام 25اپریل کو راولپنڈی میں ہونے والے کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں عوامی رابطہ مہم کے دوران جڑواں شہروں میں کارنر میٹنگز کا سلسلہ جاری ہے جس میں اراکین رابطہ کمیٹی، صوبائی تنظیمی کمیٹی اور حق پرست نمائندے اور اپر پنجاب کے ذمہ داران مختلف مقامات خطاب کررہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اسلام آباد آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام بہارہ کہو میں کارنر میٹنگ ہوئی جس میں مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن خالد رشید، سندھ اسمبلی کے رکن ندیم مقبول اور انچارج اسلام آباد آرگنائزنگ کمیٹی شہاب امیر نے جبکہ ٹیکسلا میں راولپنڈی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام کارنر میٹنگ سے حق پرست اراکین قومی اسمبلی اقبال محمد علی خان، خوش بخت شجاعت، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن معید انور، ارگنائزر راولپنڈی ذولفقار راجپوت نے خطاب کیا، بہارہ کہو اور ٹیکسلا میں ہزاروں کی تعداد میں ایم کیو ایم کے کارکنوں اور ہمدردوں نے شرکت کی، مقررین نے قائد تحریک کے فکر وفلسفہ پر روشنی ڈالی اور ایم کیو ایم کے پیغام کو عام لوگوں تک پہنچایا، کارنر میٹنگز کے دوران جئے الطاف، جئے متحدہ کے نعرے گونجتے رہے۔واضح رہے کہ ایم کیو ایم کے زیر اہتمام 25اپریل کو راولپنڈی میں ہونے والے کنونشن کی تیاریاں عروج پر ہیں۔

## 25اپریل کو پورے پنجاب بھر میں حق پرستی کا ایک نیا سورج طلوع ہوگا، افتخار اکبر رندھاوا
## ملتان پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب

ملتان۔۔۔20اپریل2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کو ملتان میں کنونشن کی اجازت درخواست کرنے کے باوجود تاحال نہیں دی گئی ہے تاہم توقع ہے کہ اس کی اجازت جلد مل جائے گی اور پنجاب کے دیگر شہروں لاہور اور راولپنڈی کی طرح ملتان میں بھی پنجاب کنونشن 25، اپریل کو ہی منعقد ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پنجاب میں کسی بھی سیاسی یا مذہبی جماعت سے کسی بھی قسم کی محاذ آرائی نہیں چاہتی، ہم سب کا احترام کرتے ہیں اور سب کے سیاسی وجمہوری حق کو تسلیم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ہمارے بھی سیاسی وجمہوری حق کو تسلیم کیا جائے۔ایم کیو ایم ہی پاکستان کو بچائے گی اور 25اپریل کو پورے پنجاب میں حق پرستی کا نیا سورج طلوع ہوگا۔ملتان پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے اپنے آئینی وجمہوری حق کے تحت پنجاب میں کنونشن منعقد کرنے کا اعلان کیا تاکہ ایم کیو ایم کے پنجاب بھر سے تعلق رکھنے والے کارکنان اور حق پرست عوام ایک مقام پر جمع ہوکر ایم کیو ایم کے فکر وفلسفہ اور پیغام سے اپنی وابستگی ظاہر کرسکیں کہ وہ ملک سے فرسودہ وجاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے یہاں مڈل کلاس کی حکمرانی قائم کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم پنجاب کنونشن کو مینار پاکستان لاہور میں منعقد کرنا چاہتے تھے اور اس سلسلے میں ہم نے اجازت کیلئے انتظامیہ کو باقاعدہ درخواست بھی دی لیکن ہمیں انتظامیہ نے یہاں کنونشن کرنے کی اجازت نہیں دی اور جواز یہ پیدا کیا کہ یہاں سکیورٹی کا مسئلہ اور دہشت گردی کا خطرہ ہے لہٰذا یہاں کسی بڑے جلسے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔انہوں نے کہا کہ ہم نے پنجاب کے امن کی خاطر یہ فیصلہ کیا ہے کہ پنجاب کا کنونشن لاہور میں منعقد کرنے کی بجائے اسے تین شہروں میں تقسیم کردیا جائے اور لاہور میں کلچر کمپلیکس، راولپنڈی میں نیشنل کالج آف آرٹس اور ملتان میں آرٹس کونسل کی چاردیواری میں کیے جائیں جس کے سلسلے میں ہم نے انتظامیہ کو کئی بار درخواست دی لیکن کئی روز گزرجانے کے باوجود ہمیں ابھی تک اجازت نہیں دی گئی اور ٹال مٹول سے کام لیا جاتا رہا۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب نے لاہور کے کلچرل کمپلیکس میں سیکورٹی کا بہانہ بنا کر کنونشن کی اجازت دینے سے انکار کردیا ہے اور ملتان میں بھی تاحال اجازت نہیں دی گئی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کے تمام شہروں میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو اپنے جلسے جلوس کرنے کی مکمل آزادی ہے اور پنجاب میں کئی شہروں میں ضمنی انتخابات کے سلسلے میں مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں نے جلسے جلوس منعقد کیے، لیکن ایم کیو ایم کو سیکورٹی کا بہانہ بنا کر پنجاب میں جلسہ کرنے سے روکا جارہا ہے اور اسکی سیاسی سرگرمیوں کی راہ میں طرح طرح کی رکاوٹیں ڈالی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پنجاب میں کسی بھی سیاسی یا مذہبی جماعت سے کسی بھی قسم کی محاذ آرائی نہیں چاہتی، ہم سب کا احترام کرتے ہیں اور سب کے سیاسی وجمہوری حق کو تسلیم کرتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا بھی احترام کیا جائے۔ایم کیو ایم محاذ ارائی سے ہر قیمت پر گریز کرنا چاہتی ہے اسلئے ہم نے 25اپریل کو لاہور کا کنونشن کلچرل کمپلیکس کے بجائے الحمراء ہال میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے پنجاب کے نوجوانوں، طلبہ، اساتذہ، وکلاء، صحافیوں، دانشوروں، تاجروں، دکانداروں اور تمام شعبہء زندگی سے تعلق رکھنے والے حق

پرست عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ 25اپریل کو ایم کیوایم کے کنونشن کو کامیاب بنائیں اور اپنے اتحاد کا عظیم والشان مظاہرہ کریں۔۔اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہارالحسن، ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے زونل انچارج کرامت شیخ، جوائنٹ انچارج جاوید چیمہ، ڈسٹرکٹ انچارج ندیم مرزا بھی موجود تھے۔

## حضرت شاہ رکن عالمؒ کے مزار پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی گئی

ملتان۔۔۔20اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا اور وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہارالحسن نے ملتان میں حضرت بابا شاہ رکن عالمؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور 25اپریل کو ہونے والے ایم کیوایم کے کنونشن کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے زونل انچارج کرامت شیخ، جوائنٹ انچارج جاوید چیمہ، ڈسٹرکٹ انچارج ندیم مرزا سمیت ایم کیوایم کے کارکنان بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کے کارکن محمد راشد ابراہیم کرنٹ لگنے سے انتقال کرگئے، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

## محمد راشد کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران وکارکنان کی شرکت

ٹنڈوالہیار۔۔۔20اپریل2010

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہیار زون یونٹ ون بی کے جواں سال کارکن محمد راشد ابراہیم خانزادہ گزشتہ روز کرنٹ لگنے سے انتقال کرگئے (انااللہ وانا الیہ راجعون) محمد راشد ابراہیم پلاٹ پر تعمیراتی کام کررہے تھے کہ اس دوران کرنٹ لگنے کے سبب موقع پر ہی انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر32 سال تھی وہ غیر شادی شدہ تھے انہوں نے سوگواران میں والدین، تین بھائی اور چار بہنیں چھوڑی ہیں۔دریں اثناء محمد راشد ابراہیم کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان ناگے شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید وسیم حسین، ٹنڈوالہیار زونل کمیٹی کے انچارج وارکین، سیکٹرز کمیٹیوں ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں مرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کے جواں سال کارکن محمد راشد ابراہیم کی کرنٹ لگنے سے ناگہانی موت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد راشد ابراہیم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین) مزید براں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کے کارکن محمد راشد ابراہیم کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆